مطبوعات

تفسیر سورۂ مرسلات تالیف مولانا حمید الدین فراہیؒ - ترجمہ مولانا امین احسن صاحب اصلاحی - ضخامت ۵۲ صفحات - قیمت ۵ ر - دائرۂ حمیدیہ، مدرسۃ الاصلاح سرائے میر - ضلع اعظم گڈھ -

سورۂ مرسلات کی یہ تفسیر مولانا حمید الدین صاحب مرحوم و مغفور کی تفسیر نظام القرآن کے اُن اجزا میں سے ہے جنکو عربی اور اردو میں شائع کرنے کا مبارک سلسلہ دائرۂ حمیدیہ نے کچھ مدت سے جاری کر رکھا ہے - اس سلسلہ کی بڑی خوبی یہ ہے کہ آپ اسکے جس جزو کو بھی پڑھینگے، وہ آپکو صرف اُسی سورہ کے معنی و مطلب سے آشنا نہ کریگا جسکی تفسیر اُس جزو میں کی گئی ہو، بلکہ اسکے ساتھ ہی پورے قرآن کو سمجھنے کے لیے آپکو بہت سی اصولی معلومات بھی دیگا، تحقیق کے نئے راستے دکھائیگا، تدبر فی القرآن کے نئے نئے دروازے کھولیگا - یہی خوبی زیر نظر تفسیر سورۂ مرسلات میں بھی ہے - مثلاً اس میں وَیْلٌ یَّوْمَئِذٍ لِّلْمُکَذِّبِیْنَ کی تکرار پر مولانا نے جو مختصر بحث فرمائی ہے وہ صرف اسی سورہ کے لیے نہیں بلکہ ان تمام سورتوں کے لیے ایک کلید کا کام دے سکتی ہے جن میں کسی خاص جملہ کو بار بار دہرایا گیا ہے یہ محض ایک مثال ہے، ورنہ یہ چھوٹا سا رسالہ لغت، معانی اور تفسیر کے متعدد دوسرے فوائد بھی اپنے اندر رکھتا ہے -

اقسام القرآن تالیف مولانا حمید الدین صاحب فراہیؒ - ترجمہ امین احسن صاحب اصلاحی - ضخامت ۱۰۸ صفحات - قیمت ۸ ر - دائرۂ حمیدیہ، سرائے میر -

یہ مولانا کے عربی رسالہ "امعان فی اقسام القرآن" کا ترجمہ ہے - اس میں مولانا نے قرآن مجید